تاریخ جماعت

جماعتی خبریں

ابو عبداللہ

24-4-10 ریٹائرڈ D.I.G حاجی حشمت اللہ خان اور ڈاکٹر محمد سلیم کشمیری وغیرہ نے جامعہ دارالعلوم کا دورہ کیا اور ناظم اعلیٰ صاحب سے ملاقات میں ''اتحاد و اتفاق'' کے موضوع پر تبادلہ خیالات کیا۔

27-4-10 معروف عالم دین مولانا محمد ابراہیم خلیل فضلی نے اساتذہ و طلباء سے خطاب کیا۔ جس میں اسلافِ بلتستان اور ادارۂ ہذا کی گرانقدر خدمات کا تذکرہ کیا اور حصولِ علم میں اخلاصِ نیت کی فضیلت پر روشنی ڈالتے ہوئے محنت ومشقت کے حوالے سے زریں افکار سے نوازا۔

8-5-10 وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان جناب سید مہدی شاہ ضلع گنگ چھے کے پہلے دورے کے موقع پر توحید آباد باغ غواڑی پہنچے۔ سنئیر وزیر جناب جعفر، وزیر قانون جناب وزیر شکیل، وزیر بلدیات جناب انجینئر محمد اسماعیل، وزیر تعلیم علی مددشیر ودیگر وزرائے کابینہ وممبران ضلع ہائے بلتستان وگنگ چھے کے علاوہ ڈپٹی کمشنران اور سرکاری ذمہ داران بھی تھے۔ ناظم اعلیٰ صاحب نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ جوابی خطاب میں ادارہ ہذا وجماعت اہلحدیث کی تعلیمی، رفاہی، انسانی خدمات اور اتحاد بین المسلمین اور امن وامان کے فروغ کی کوششوں کو سراہتے ہوئے گلگت بلتستان میں مذہبی رواداری وہم آہنگی، امن وامان اور اتحاد واتفاق کو فروغ دینے کے عزم کا یقین دلایا گیا۔ اس کے بعد وزیر اعلیٰ نے غواڑی شہر میں جلسہ عام سے خطاب کیا۔

20-5-10 جامعہ ہذا سے فارغ التحصیل مدینہ یونیورسٹی کے طلباء ضیب بلال بلغاری، شریف عبداللہ، عبدالقیوم، نوراللہ عبدالغفور اور عتیق الرحمن عبداللہ کو دراسات علیا (M.A) میں داخلہ ملنے پر جامعہ ہذا کے اساتذہ وطلباء نے خوشی کا اظہار کیا۔ ہم سب عزیز طلباء اوران کے والدین کو اس بڑی سعادت پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

9-6-10 ''مرکز البدر'' قصور سے نورکنی تبلیغی وفد آٹھ روزہ دعوتی دورے پر تشریف لایا اور تبلیغ دین کے ساتھ ساتھ وضو اور نماز کی عملی تعلیم پر درس دیئے۔

21-6-10 پاکستان مسلم لیگ (ن) گلگت بلتستان کے صدر جناب حفیظ الرحمن صاحب بلتستان کے دورے کے موقع پر توحید آباد باغ تشریف لائے۔ ادارۂ ہذا کی انتظامیہ اور اساتذہ نے موصوف ورفقاء کا خیر مقدم کیا۔

29-6-10 معروف خوش نویس، نقاد، کتاب الفرائض کے مؤلف مدینہ یونیورسٹی کے استاد الشیخ عبدالصمد الکاتب کے لیے دعائے مغفرت کی گئی۔ موصوف گزشتہ دنوں مدینہ منورہ میں انتقال کر گئے تھے۔ آپ ہندی الاصل ہیں اور ڈاکٹر شیخ عاصم عبداللہ اردنی حفظہ اللہ کے سسر ہیں۔